## ایم کیوایم الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیرا ہوکرشہر میں قیام امن کیلئے ہر دور میں اپنا اہم کردار ادا کرتی رہی ہے، رضا ہارون

## متحدہ قومی موومنٹ ملک میں رائج فرسودہ، جاگیردارنہ، ظالمانہ نظام کا خاتمہ اورغریب متوسط طبقہ کی حکمرانی چاہتی ہے

## ایم کیوایم واحد جماعت ہے جوملک میں 98 فیصد غریب عوام کی ترجمانی کررہی اور بلاتفریق رنگ ونسل زبان عوام کی خدمت کررہی ہے،

## نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹ کمیٹی کے ارکان وعوام سے خطاب

کراچی۔۔۔26، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک میں رائج فرسودہ، جاگیردارنہ، ظالمانہ، سردارانہ اوروڈیرانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں غریب متوسط طبقہ کی حکمرانی چاہتی ہے۔ یہ بات انہوں نے گذشتہ دنوں ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹ کمیٹی کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرحق پرست وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابرغوری اور نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹ کمیٹی کے انچارج کیپٹن معیز نے بھی اظہار خیال کیا،تقریب میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عمرانہ سعید، نارتھ آباد ریزیڈنٹ کمیٹی کے ارکان، نارتھ ناظم باد سے تعلق رکھنے والے افراد بزرگوں،خواتین اورنوجوانوں سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رضا ہارون نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جوملک میں بھر 98 فیصد غریب عوام کی ترجمانی کررہی اور بلاتفریق رنگ ونسل زبان عوام کی خدمت کررہی ہے لیکن بعض سازشی عناصر ایم کیوایم کیخلاف نت نئی سازشیں کررہے اوروہ چاہتے ہیں کہ شہر کراچی میں عوام کے درمیان لسانی وفرقہ وارانہ فسادات کرکے اس کا الزام ایم کیوایم پرلگائے جائے اورعوام کے سامنے ایم کیوایم کو دہشت گرد جماعت قرار دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بلاامتیاز تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سمیت کراچی میں بسنے والی تمام قومیتوں کا دل سے احترام کرتی ہے جو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیرا ہوکرشہر میں قیام امن کیلئے ہر دور میں اپنا اہم کردار ادا کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اپنے ذاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کرشہر کی تعمیر وترقی کیلئے کام کرنا ہوگا کیونکہ کراچی کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بابری غوری کپٹن معیز نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومظلوم عوام کے حقوق کیلئے آواز حق کو بلند کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ بعض سازشی عناصر ایم کیوایم کے فکر وفلسفے کوملک بھر میں پھیلنے سے روکنا چاہتے ہیں اور آئے دن شہر میں دہشت گردی کے واقعات اسی سلسلے کی کڑی ہیں بعض نام نہاد سیاسی جماعتوں کے رہنما شہر کراچی میں انارکی دہشت گردی کی فضا قائم کرنے اور اس کی آڑ میں اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کیلئے مختلف سازشی ہتھکنڈے استعمال کررہیں، لہٰذا ہمیں چاہئے کہ اپنے اتحاد کے ذریعے ان سازشی عناصر کے تمام گھناؤنے عزائم کو ناکام بنادیں۔

## لینڈ مافیا، منشیات فروشوں کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن شفیق ساگری کے بھتیجے بلال غفار کوگزشتہ دنوں شدید فائرنگ کرکے شہید کردیا، رابطہ کمیٹی کا اظہارِ مذمت

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2010ء

لینڈ مافیا، منشیات فروشوں کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکن شفیق ساگری کے بھتیجے بلال غفار کوگزشتہ دنوں شدید فائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں بلال غفار اپنے گھر کے ضروری کام کیلئے لانڈھی داؤدملز ایریا میں گئے تھے جہاں انہیں بدنامے زمانہ جرائم پیشہ عناصر نے بلال غفار کوفائرنگ کرکے شہید کردیا، انکی عمر 24 سال تھی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے بلال غفار کی شہادت پرشدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے بلال غفار کی شہادت کوشہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے اور کہا کہ بعض جرائم پیشہ عناصر اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان وہمدردوں کوچن چن کرقتل کررہے ہیں جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور وزیرداخلہ سندھ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بلال غفار کے قتل کا فوری نوٹس لیں اور اس واقع میں ملوث افراد کوگرفتار کرکے انہیں قرارواقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور سوگوارن کیلئے صبرجمیل کی دعا کی۔

## ایم کیوایم کی حمایتِ یافتہ پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں لبرل یونین کی کامیابی پرنومنتخب اُمیدواروں کورابطہ کمیٹی کی مبارکباد

## پاکستان مشین ٹول فیکٹری کے نومنتخب اُمیدواروں کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔26، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں ایم کیوایم کی حمایتِ یافتہ پاکستان لبرل یونین کی کامیابی پرنومنتخب اُمیدواروں کوزبردست مبارکباد پیش کی ہے ۔ایک تہنیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے اُمید ظاہر کی کہ نومنتخب اُمیدوارادارے کی ترقی اوراس کی خوشحالی کے ساتھ ساتھ ادارے کے محنت کشوں کے مسائل کوترجیح بنیادوں پرحل کریں گے۔علاوہ ازیں پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ پاکستان لبرل یونین کے نومنتخب اُمیدواروں نے منگل کی شب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورخالد یونس، ڈاکٹر نصرت، شاہدلطیف بھائی سے ملاقات کی اور پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں پاکستان لبرل یونین کے نومنتخب اُمیدواروں کی حمایت کرنے پرایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کاشکریہ اداکیااوراپنی نیک دلی خواہشات کااظہارکیا۔

## پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں ہونیوالے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ لبرل یونین کی بھاری اکثریت میں کامیابی

کراچی۔۔۔26، اکتوبر2010ء

پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں ہونیوالے ریفرنڈم 2010ء میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ لبرل یونین کی بھاری اکثریت میں کامیابی حاصل کرلی۔تفصیلات کے مطابق پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں ریفرنڈم 2010ء میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ لبرل یونین 480 ووٹ لیکر کامیاب ہوگئی جبکہ مدمقابل (ایمپلائز یونین )345 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہی واضح رہے کہ پاکستان مشین ٹول فیکٹری میں کل ووٹرز کی تعداد 868 تھی۔

## تائیوان کے نمائندہ وفد کا ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ

کراچی۔۔۔26، اکتوبر2010ء

تائیوان کی این جی او (TZU CHI) فاؤنڈیشن کے (Mr Jiren & Mr. Chinfa) کی سربراہی میں دورکنی نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری سے ملاقات کی۔وفد کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پرحق پرست سینیٹراورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی عبدالحسیب خان، ڈاکٹرارشدوہرا سمیت ایم کیوایم کے کے ایف کے رضا کاران بھی موجود تھے۔رکن رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری نے وفد کے ارکان کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں جمع ہونے والی اشیاءاورسیلاب زدگان کی امداد کیلئے کی جانیوالی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرحالیہ سیلاب زدگان کے سلسلے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران نے میں دن رات بحالی آب وتعمیرنو کے کاموں میں مصروف ہیں اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک سیلاب زدگان کومکمل ریلیف فراہم نہ ہوجائے۔اس دوران وفد کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کرحصہ لینے کے جذبے کوزبردست انداز میں سراہااوراپنی نیک ودلی خواہشات کااظہارکیا۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔26، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیرروڈسیکٹر یونٹ 58 کے کارکن شہباز کے والدمحمد بابر، ملیرسیکٹر یونٹ 98 کے کارکن ناصراحمد کی والدہ محترمہ شریف النساءاورایم کیوایم پی آئی بی جہانگیرروڈسیکٹر یونٹ 57 کے کمیٹی ممبرمحمدارشد کے والدمحمد میاں کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل کی توفیق عطافرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆